Urdu - ICS Part 1 Urdu Chapter 14 Short Questions Preparation

Q1. مرغ کی آواز اور اس کی جسامت میں کیا تناسب ہے.

Ans 1: مرغ کی اواز اور اس کی جسامت میں ایک اور سو کا تناسب ہے

Q2. مصنف گھر میں مرغیاں پالنے کا کیوں روادار نہیں ہے.

Ans 1: مصنف مرغیاں کھانے کا زیادہ شوقین ہے اس لیے وہ گھر میں انہیں پالنے کا روادار نہیں ہے.

Q3. مصنف کے ڈیڑھ سالہ تجربہ کا نچوڑکیا ہے.

Ans 1: مصنف کے ڈیڑھ سالہ تجربہ کا نچوڑ یہ ہے کہ مرغیاں ڈربے کے سوا ہر جگہ نظر آتی ہیں اور جہاں نظر نہ آئیں وہاں ہونے کا ثبوت دیتی ہیں.

Q4. مرغیوں کی پسندیدہ خوراک کیا ہے.

Ans 1: دانہ دنکا، کیڑےمکوڑے، اور کنکر پتھر مرغیوں کے پسندیدہ خوراک ہے

Q5. دنیاوی آلام اور دکھوں سے پریشان لوگوں کو مصنف نے کیا مشورہ دیا ہے

Ans 1: دنیاوی آلام اور دکھوں سے پریشان لوگوں کو مصنف نے مشورہ دیا ہے کہ وہ مرغیاں پال لیں.

Q6. بزرگوں کے خیال میں مرغ آزان کیوں دیتا ہے.

Ans 1: بزرگوں کے خیال میں مرغ کی آزان دراصل عبادت ہے

Q7. نیند کے حوالے سے مصنف کے پسندیدہ اوقات کون سے ہیں.

Ans 1: نیند کے حوالے سے مصنف کے محبوب ترین اوقات اتوار کی صبح اور سہ پہر ہیں.

Q8. آدمی جانور کیوں پالتا ہے.

Ans 1: آدمی جانور اس لیے پالتا ہے کہ وہ محبت کا بھوکا ہوتا ہے

Q9. آملیٹ بگاڑنے کے لیے کیا چیز درکار ہے.

Ans 1: آملیٹ بگاڑنے کے لیے غیر معمولی سلیقہ اور صلاحیت درکار ہے

Q10. نفاست پسند والیاں ریاست بھینسوں کو صبح و شام کیا کھلاتے ہیں.

Ans 1: نفاست پسند والیاں ریاست بھینسوں کو صبح و شام پستہ و بادام کھلاتے ہیں.